Vol III
No 22



Wednesday
*17th Decemb*ₒ*, 1952*

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

CONTENTS

Price: Eight Annas

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD DN
1953

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Wednesday the 17th December 1952

Twenty second Day of the Third Session

The Assembly met at Half past Two of the Clock
[MR. SPEAKER IN THE CHAIR]

Short Notice Questions and Answers

Mr Speaker There is a short notice question given notice of by Shri Ch Venkatram Rao

Shri Ch Venkatram Rao (Karimnagar) Will the hon Minister for Home be pleased to state

(a) Whether Shri D Satyam a political convict of Hyderabad Central Jail is suffering from heart trouble and he is on the death bed ?

(b) Whether the superintendent and the surgeon of the above jail has recommended the Government to release the above convict ?

(c) Whether it is a fact that the father and sister of the convict died in the last month ?

(d) How many times representations have been made by the different people parties and the relatives of the convict and in what level ?

(e) Whether the Government is intending to release the above convict even at least on parole ?

ہوم منسٹر (شری دگمبر راؤ بندو) پہلے جز کا جواب یہ ہے کہ ۳ سپٹمبر ۱۹۵۲ ع
میں ڈاکٹر ینکٹ ... نے ان کا امتحان کیا تھا اور ان کا (X Ray) لیا
بھی ان کا امتحان کیا گیا و معلوم ہوا کہ ہارٹ ڈسیز (Heart disease)
نہیں ہے لیکن فنکشنل (Functional) ہے اور کوئی دھوکہ کی
بات نہیں ہے ۔ ڈاکٹر نے جو علاج بتلایا تھا وہی علاج کیا گیا

دوسرے جز کا جواب ہے کہ سپرنٹنڈنٹ اور سرجن وغیرہ نے انہیں ریلیز
(Release) کرنے کے سلسلہ میں کوئی سفارش نہیں کی

D

مسٹر بے حرو کا جواب ہے کہ ۲ دسمبر سنہ ۱۹۵۲ع کو گورنمنٹ کے پاس ایک
درخواست دی گئی تھی جس میں اطلاع دیگئی تھی کہ کئے واقعہ اور جس کا سوال
ہوسکتا ہے

جو تیسرے حرو کا جواب یہ ہے کہ جو مزید گورنمنٹ کے پاس ریپریزنٹیشن
(Representation) کیا گیا ہے ریپریزنٹیشن میں یہ بتلایا گیا تھا کہ بورڈ کو
لکھا ہے اور دوسرے میں تھا کہ رو رری بورڈ نے جس ہو اس کا جواب نہ وصول
ہو کہ کیونکہ (Convict) دو ماہ سال کی سزا ہوئی ہے ورکونکہ
ابھی ہوں نے سزا کی آدھی مدت بھی نہیں گزری ہے اس وجہ سے وایزری بورڈ اس
رجوع نہیں کر کیا اب گورنمنٹ نے اپنے اختیارات سے رہائی (Release)
کرنے کے بارے میں حکم دے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ وہ لوگ رہا ہو گئے
ہونگے یا ہو جائیں گے

Mr Speaker There is another short notice question given notice of by Shri Ananth Reddy

Shri K Ananth Reddy (Balkonda) Will the hon Minister for Labour be pleased to state

(*a*) Whether it is a fact that the workers of the Nizam Sugar Factory Shakkarnagar had given a notice to the Management that if their demands were not conceded they would go on strike from 23rd November 1952?

(*b*) Is it true the labour department has intervened and tried to bring a settlement?

(*c*) If so with what results?

(*d*) What are the demands of the workers?

(*e*) Are the Government aware that the workers of the Nizam Sugar Factory are going on an indefinite strike from today that is 16th December 1952?

(*f*) What steps the Government propose to take in respect of the same?

Shri V B Raju (The Minister for Labour Rehabilitation and Planning) (*a*) Yes

(*b*) Yes

(*c*) The Labour Department held Joint Meetings of the representatives of the Sugar Factory Mazdoor Sabha and the management of the factory on 18th and 19th November 1952 to bring about an amicable settlement A settlement was arrived at on the following points

(1) Quarters for the permanent staff at Farm 50 quarters for the factory workers and 50 for farm workers will be constructed this year

(2) Wages for daily rated workers in the civil works and plantations It was agreed that wages of civil workers will be regulated by Fair Wage Clause Contractors Regulation

(3) Irrigators who have been working from 8 years should be made permanent The management had agreed in principle

(4) Permanency of plantation Staff Agreed in principle to make permanent those who have put in service of 8 years

(*d*) The following are the demands of the workers

1 Bonus for the year 1951 52

2 Building for the office of the Union

3 Quarters for the permanent staff at farms

4 Wages for daily rated workers in the civil works and plantations

5 Increase in Dearness Allowance

6 Increase in the basic Wages

7 Conveyance Allowance to Tractor Staff

8 Fresh appointments on higher grades should not be made but employees possessing equal qualifications and experience should be given preference

9 Medical facilities at the farms where 500 workers of contract labourers were working

10 Revisions of grades and increments

11 Increase in basic wages and dearness allowance with retrospective effect from July 1952

12 Irrigators who have been working from 8 years should be made permanent

13 Permanency of Plantation Staff

14 Grades of Tractor Department Workers

15 Break in service of seasonal employees

16 Special leave for Municipal Councillors

17 Advances to harvest workers and Cartmen

18 Yield bonus to Plantation Workers

19 Education facilities to employees

20 Settlement of 12 individual grievances

21 Subsidy of food

22 Immediate electrification of streets and quarters in the colony and at the farms

23 Strike period wages for 1950 and 7th November 1952

24 Recognition of the Union

25 Termination of services of Shri Ankul Irrigator

26 Victimisation of Irrigator and Bullock Workers of Pendu Farms

The demand Nos 15 to 20 and 25 and 26 were later withdrawn

(e) Yes They in fact went on strike on the 16th December 1952

(f) The demands that have been referred to the Industrial Tribunal for adjudication on the 16th instant are

1 Abolition of contract system in the farms

2 Increase in basic wages and D A for farm workmen

3 Increase in piece rate wages of farm workmen

4 Revision of grades and increase in basic wages to other workmen

5 Increase of D A to Rs 36

6 Bonus for 8 months or 25% of gross profits for 1951 52

7 Removal of newly appointed persons on higher grades

8 Payment of wages for 7th November 1952 and for 21 days in January, 1950 when the workmen were on strike

شری اس رنگی انڈسٹریل ٹریبونل (Industrial Tribunal) کو کب ریفر (Refer) کیا گیا ؟ ہڑتال ہونے سے پہلے یا بعد ؟

Shri V B Raju It was referred to the Tribunal yesterday evening

Shri Ananth Reddy Was it conveyed to the Union of the Factory ?

Shri V B Raju It has been conveyed to the Collector on wireless to be conveyed to the factory workers

Shri G Raja Ram (Armur) How many of the workers are involved in this strike ?

Shri V B Raju Information awaited

شری داجی سنکر ( ) ملکر کو نوٹس کو اطلاع (Inform)
کرنے کے لیے لکھا گیا ہے یا ورکرس کو ؟

Shri V B Raju For the workers representatives and for the workers,—both

شری اس ر ڈی کیا یہ صحیح ہے کہ امر ڈائرکٹ کی معطلہ ایک میٹنگ
میں مسحمسٹ ہے ۱۲- جون تک ملتوی کا طالبہ کیا تھا ؟

شری وی بی راجو- ہاں صحیح ہے ورڈ آف ڈائرکٹرس (Board of
Directors) کی میٹنگ تک ملتوی مانگی گئی تھی

شری جی راجہ رام- کیا یہ ملتوی ۳ تاریخ تک تھی؟

شری وی بی راجو ہاں اسکے بعد کچھ ڈیمانڈس اگری (Agree)
ہوئے اور باقی ڈیمانڈس پروٹ (Wait) کیا گیا ہے

شری ام عیا اسٹرائک نوٹس آنریبل منسٹر کو کب ملی ؟

Shri V B Raju The strike notice is not sent to the Government

Shri Buchiah Was not a copy forwarded to Government ?

Shri V B Raju The copy was received in time

Shri Buchiah Will the hon Minister let me know the date on which it was received ?

Shri V B Raju I will have to refer to the file for the exact date

Mr Speaker It is non very important now, since the matter has been referred to the Tribunal

Shri M Buchiah If it would have been received a fort night back why a decision was taken to refer the case to an industrial court after the 16th only when the workers went on strike?

Shri V B Raju The matter as has already been explain ed was under conciliation The representatives of the workers met representatives of the management and were setting in a joint meeting I have already said that certain demands of the workers have already been agreed to by the management Over the other demands the management desired time up to 13th December and the workers represen tatives agreed to this A reply was received after that date and when the demands were not met the workers on their own accord went on strike The Government did their duty by referring it to adjudication

سری کے ال بر مہوان راؤ(نادو عام) ۱۳ نارغ کو مطالبات مان لیے گیے ہو نا ایکی اطلاع ورکرز کو دیگی ہے ؟

سری وی بی راجو دیگی ہے

Business of the House

Mr Speaker Now there is a question of privilege which has been raised by Shri Ch Venkatraman Rao It says

In the Deccan Chronicle a local daily news paper of December 18 1952 instant—on page 1 column 3 and 4 under caption 'Questions of Nuisance Value', an article appeared written by the Lobby correspondent of the above paper In the 4th para of the above article, a comment on Question Hour is made The words appearing therein, namely 'has become conspicuous for moving questions of terrific nuisance value—together with the context and caption above mentioned, reflect seriously upon the member performing the legislative duty referred to therein

These remarks are not only not honest and fair comments on the facts but also constitute a wilful misrepresentation of the same On the whole the article amounts to a malafide report, calculated not only to tilt the scales in favour of one party as against the other, but also to undermine the value of questions under reference The comment seriously reflects upon the member and brings him into disrepute and contempt in the estimation of the general public, and amounts to an indignity offered to the House as a whole

I have given the fullest consideration to this matter and have come to the conclusion that this matter is not a prima facie case for breach of privilege because the comments contained therein are merely a criticism. I will read a small passage from May's Parliamentary Practice:

> A charge that the Commons included the men who draw their living and their notoriety from the stay perpetration of crime was ruled not to be a case of privilege.

There is another passage regarding a similar statement:

> ... the foul mouthed oratory of some Members would not be listened to by any decent people if it was bawled about the streets but a motion complaining that this was a breach of privilege was withdrawn.

Therefore I do not consider that there is a prima facie case of breach of privilege because there is no wilful misrepresentation of facts, neither is it defamatory or libellous and there is no mala fides in it.

Shri A Raj Reddy: I want to know whether the case is being decided on prima facie grounds or being decided finally as you put it, Sir, because quotations are being made and books are being referred to. Is not the very fact of referring to such cases then coming to conclusions and then deciding that it does not amount to breach of privilege prove that there is a prima facie case? It is not the function of hon the Speaker to decide questions like this—whether there is already a prima facie case—by going into details and then deciding that it is not so. These are all things which are left to the House and to the Committee of privileges. I want to know whether it is the function of hon the Speaker to decide the question on prima facie grounds or decide the issue after considering the details.

Mr Speaker: I am not giving my assent under rule 116.

Shri A Raj Reddy: This rule, as far as I know, is only regarding the form, manner and the words of the motion. But the hon the Speaker is deciding the case on its merits. I want to know whether the hon the Speaker's ruling includes a decision on the merits of the case.

Mr Speaker: I have already disallowed it.

Mr Speaker The following is the adjournment motion received from Shri G Raja Ram

'That twenty thousand employees of the Nizam Sugar Factory Ltd Shakkarnagar have gone on Strike since the morning of 16th December 1952 thereby giving rise to a serious situation entailing innumerable hardships for them and a great loss to an industry of vital importance to the Nation Despite the repeated representations of the workers the Government failed to rise to the occasion and redress the genuine grievances of the employees'

Now, in the short notice question of course a full and detailed answer has been given and I do not think that hon Member would press for it now Moreover in the debate on the no confidence motion all these matters can be discussed

Shri G Raja Ram I do not want to press

Mr Speaker Adjournment motion not pressed

Shri G Raja Ram Will now move the motion

Discussion on No-Confidence Motion

Shri G Raja Ram Speaker Sir I beg to move the following motion

' It being considered opinion of this House that the policies of the present Government of Hyderabad have not been only ill conceived halting and un co ordinated but are positively weighted against the interests of the common people whereby they have failed to register any reasonable advance in the life of the people Particularly having failed to introduce basic land reform so vital for solving the food problem of country and protection of the peasants of Hyderabad having acted in defiance of clearly expressed wishes of all sections of the people in the matter of Sales tax, having surreptitiously transferred State owned Sirpur and Sirsilk Industries to the hands of the private monopolist having ridden roughshod over the civil liberties of the people, having flouted the wishes of the people by imposing un democratic nominations on the Municipalities and in several cases, there by converting elected majorities into minorities, having utterly failed in the uplift and the safeguarding the

interests of the Scheduled Castes and Tribes, having bungled in handling the recent student movement, leading to the dire consequences resulting in a number of deaths, having meekly submitted to the transfer of the Osmania University to the Centre against the interests of the regional languages of the people of Hyderabad and having miserably failed to root out corruption and anti democratic character of the Bureaucracy they have thereby forfeited the confidence of the people of Hyderabad and as such this House expresses its want of confidence in the Congress Ministry of Hyderabad State

مسٹر اسپیکر سر - میں نے ایوان کے سامنے ابھی ابھی ایک نوٹس (Motion) پیش کیا جس میں میں نے بتایا ہے کہ کن وجوہات کا میں نے جائزہ لیا ہے اور کن وجوہات کی بنا پر مجھے یہ فیصلہ کرنا پڑا کہ آج کی گورنمنٹ نے دوران جدوجہد میں ، جدوجہد کے بعد اور الکشن میں عوام کے سامنے جو وعدے کیے تھے انہیں پورا کرنے اور عمل میں لانے سے ہٹ رہی ہے یہ کوئی کہہ سکتا ہے کہ کانگریس منسٹری کو چارج لیکر ابھی صرف ایک سال کا عرصہ ہوا ابھی انتظار کرنا چاہیے تھا

(کانگریس بنچوں سے مختلف آوازیں ایک سال نہیں ۹ مہینے ہوئے ہیں ،)(Cheers)

۹ مہینے کے بعد ڈلیوری (Delivery) ہونی چاہیے تھی لیکن وہ بھی نہیں ہوئی (Cheers) ہم نے کافی انتظار کیا جب ہمیں یہ معلوم ہوا کہ نیچرل کورس (Natural Course) سے یہ خبر آنے والی نہیں ہے تو ہمیں اس کے لیے دوسرا راستہ ڈھونڈنا پڑا اور ہم نے ہاوس کے سامنے یہی راستہ رکھا ہے جیسا کہ میں نے کہا ہاوس کے آنریبل ممبرس اگر یہ خیال ہو کہ حیدرآباد میں کانگریس کی حکومت آکر صرف ۹ یا ۱۰ مہینے ہی ہوئے ہیں تو یہ خیال بنیادی طور پر غلط ہے کانگریس پارٹی کی حکومت آج حیدرآباد میں پچھلے پانچ سال سے ہے جب سے کہ ہمیں آزادی حاصل ہوئی ہے اور ہمارے ہندوستان کو آزادی حاصل ہوئی ہوسکتا ہے کہ کچھ دن تک کانگریس کے ہاتھوں میں حکومت نہ آئی ہو - لیکن اسکی وجہ یہ تھی کہ کانگریس میں اختلافات تھے یہاں کی کانگریس پارٹی نے خود اپنی خود غرضیوں کو ایسا اچھال لیا کہ گورنمنٹ آف انڈیا مجبور ہوگئی کہ حکومت کی باگ ڈور کانگریس کے ہاتھ میں نہ دے اور اپنی نگرانی میں رکھے (Cheers) اس اعتبار سے اگر کوئی آنریبل ممبر یہ کہے کہ کانگریس کو حکومت لیے ہوئے صرف ۹ ماہ یا ایک سال کا عرصہ ہوا ہے تو یہ دلیل غلط ہے - سنٹر میں تو حکومت کانگریس کی تھی - سارے پالیسیز جو حیدرآباد میں چل رہی تھیں وہ سب کانگریس کی ایما پر تھیں اور کانگریس کی پالیسی پر مبنی تھیں اس لیے ایسا کوئی سوال پیدا نہیں ہوسکتا کہ یہاں ویلوڈی صاحب کی حکومت تھی یا چودھری صاحب کی حکومت تھی یا ملٹری راج تھا - ملٹری راج یا ویلوڈی صاحب یا چودھری صاحب اسکے ذمہ دار نہیں ہیں کیونکہ

جیسا کہ میں نے کہا وہ کانگریس ہی کی پالیسی رہی ہیں ۔ سٹیٹ میں اوس وقت بھی کانگریس کی حکومت تھی ۔ اگر یہ کہا جائے کہ حیدرآباد کی پچھلی حکومت میں کانگریس پارٹی کے لوگ نہیں تھے تو جیسا کہ میں نے کہا یہ ضروری نہیں کی پارٹی کی ناا ہلی تھی۔ یہ کانگریس کی خود غرضیوں کی وجہ تھی جسکی وجہ سے گورنمنٹ آف انڈیا نے ضروری سمجھا کہ ایرٹیل مندرس کو حکومت دینا منظور نہیں کیا ۔ اور اس نے سادی طور پر یہاں اپنے نگرانکاروں کو رکھا ۔ کانگریس پارٹی نے کوشش کی کہ کچھ خود غرضیوں کو مٹا کر حکومت حاصل کریں ۔ گورنمنٹ آف انڈیا نے کانگریس پارٹی نے کہا کہ اب عنقریب الکشن آرہے ہیں ، اگر وہ یہاں کے کانگریس پارٹی کے ہاتھ میں حکومت نہ دیتے تو حیدرآباد میں کانگریس کا شیرازہ بکھر جاتا اور جنوبی ہندوستان میں الکشن کے بعد سٹیٹ کی حکومت غیر کانگریسی حکومت دکھائی دیتی اس لئے گورنمنٹ آف انڈیا نے ڈیڑھ سال پہلے حیدرآباد کے کانگریس پارٹی کو حکومت میں (۴) نشستیں دیں ۔ آج حیدرآباد کی عوام جانتی ہے کہ کس طرح اس پارٹی نے آزادی کی لڑائی لڑکر ایک املاکی پارٹی کی حیثیت سے ایڈمنسٹریشن (Administration) اپنے ہاتھوں میں لیا ہے ۔ اور وہ یہ بھی جانتی ہے کہ کس طرح اس پارٹی نے عوام کی مرضی مطابق ، عوام کی خواہشات اور انکے فیصلہ لیکر حکومت حاصل کی ہے ۔ چور دروازہ کے راستے سے اس پارٹی کے چند ممبرس حکومت میں داخل ہوئے ۔ اونہوں نے کوشش کی کہ جہاں تک ہوسکے چار سیٹوں پر چار کانگریسی چار صوبہ داروں کی حیثیت سے حکومت میں داخل ہو جائیں ۔ اور اس طرح اس پارٹی کے نامزد ارکان حکومت میں داخل ہوئے ۔ اور الکشن میں انہوں نے اپنا پورا زور لگایا ۔ حالانکہ ہماری پارٹی اور حیدرآباد کی مختلف سیاسی پارٹیوں کا یہ مطالبہ تھا کہ جنرل الکشن (General Election) کے زمانے میں اور خصوصاً اس سے پہلے صرف الکٹیڈ پارٹی (Elected Party) ہی حکومت میں رہے ، اس وقت کانگریسی صوبہ داروں کی ضرورت نہیں ہے اور انہیں اپنا استعفا پیش کرکے باہر آجانا چاہیے اور تمام پولیٹکل پارٹیز (Political Parties) کو الکشن میں برابر کا موقع ملنا چاہئے ۔ مگر ایسا نہ ہوا ۔ کیونکہ اس پارٹی کو معلوم تھا کہ اس کا انجام کیا ہونے والا ہے ۔ اسلئے عوام کی خواہشات کو اس پارٹی نے نظر انداز کیا ۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے مطالبات کو اس کانگریس پارٹی نے نظر انداز کیا ۔ اسی راستے سے اپنا اثر و رسوخ استعمال کرکے چند سیٹوں کی مسجارٹی سے آج وہی پارٹی حکومت چلا رہی ہے ۔ اس اعتبار سے جیسا کہ میں نے کہا ، حیدرآباد کی اس کانگریس پارٹی کو حکومت حاصل کیے ہوئے بہت کم مدت ہوئی ہے اور صرف (۹) مہینے کا عرصہ ہوا ہے ۔ اسلئے وہ کچھ نہ کرسکے ۔ ایسی صورت میں حیدرآباد کے عوام اس حکومت کو معاف کرنے والے نہیں اور کو نظر انداز کرنے والے بھی نہیں ۔

श्री गणेश — मिस्टर स्पीकर, सर, आनरेबल मैंबर आरमूर बार बार 'आपको" और "आप" के शब्द इस्तेमाल कर रहे हैं। जिससे आनरेबल मैंबर का मनशा स्पीकर की निस्बत हो जाता है और यह मतलब है कि जो बातें कही जा रही हैं वे स्पीकर की निस्बत ही हैं।

شری جی - راجہ رام - انریبل اسپیکر صاحب ہیں کہ میرا اشارہ کس طرف ہے -

Mr Speaker The hon Member should address the Chair

Shri G Raja Ram I am addressing the Chair, Sir

شری جی - راجہ رام - میں یہ کہہ رہا تھا کہ کانگریس پارٹی نے کوئی طریقہ اختیار کیا اور کسطرح اس نے کوشش کی کہ کسی طرح اسکا جیون (जीवन) حیدرآباد میں کچھ اور سال تک بڑھے، جو ابھی ٹوٹ رہی تھی - کانگریس کے ارکان چاہ رہے تھے کہ اس کو کچھ دن اور ایجیٹیشن کے ذریعہ زندہ رکھا جائے - مگر جیسا کہ میں نے کہا اس مقصد میں حکومت کی پارٹی - کانگریس کی پارٹی - ناکام رہی ہے - میں نے ابتدا میں کہا کہ اس عدم اعتماد کی تحریک کو لانے وقت میں نے اس پر سوچا اور غور کیا - میں نے اپنے آپ کو سوشلسٹ پارٹی کی رکنیت سے ہٹا کر سوچا - ایک سادھارن ناگرک (नागरिक) کی حیثیت سے سوچا تو مجھے کم از کم محسوس ہونا پڑا - اسلئے کہ آج حیدرآباد کا ہر ایک آدمی چاہے وہ کسان ہو، مزدور ہو متوسط درجہ کا آدمی ہو یا رکشا چلانے والا ہو یا تانگہ چلانے والا ہو یا گورنمنٹ سروس سے تعلق رکھنے والا ہو، ہر ایک کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ اس پارٹی کی حکومت کی اب قطعی ضرورت نہیں ہے - میں یہ غلط نہیں کہہ رہا ہوں - آنریبل ممبرس آف دی لیجسلیچر پچھلے کئی دنوں سے شہر میں گھوم رہے ہونگے - انہوں نے ہر ایک جگہ میں لیا ہوگا اور انہیں معلوم ہوا ہوگا کہ عوام کو ان کی حکومت سے اور انکی پارٹی سے کیسی نفرت ہوگئی ہے - آج ہر شخص یہی سوچ رہا ہے کہ جسقدر جلد کانگریسی گورنمنٹ حیدرآباد میں ختم ہو جائے اتنا ہی اچھا ہے - آج حیدرآباد اسٹیٹ کے کسی گوشہ کو لیجئے وہاں اس پارٹی کی نسبت جو آج حکومت کر رہی ہے یہی رائے ہے - جنتا کے نمائندوں کی حیثیت سے ہم یہاں ایوان میں آئے ہیں میں نے اپنے پرستاؤ (प्रस्ताव) میں صاف صاف واضح کیا ہے کہ کیا کیا وجوہات ہیں اور وہ کیا مسائل ہیں جن کو آج کی حکومت حل کرنے میں ناکام رہی ہے اور اس حکومت نے کسطرح عوام کی خواہشات اور ولولوں کو کچلا - ہم ان ملکوں کا حال دیکھتے ہیں جنہوں نے برس ہا برس ہزاروں سالوں کی غلامی کے بعد آزادی حاصل کی ہے - لیکن وہاں ایسی دردشا (दुर्दशा) یا ایسی دستھتی (दुरवस्था) نہیں ہے جیسے کہ ہندوستان میں ہے - یہاں ایک قسم کی ناراضگی ہے، ایک عدم اطمینان ہے اور ایک قسم کا فرسٹریشن (Frustration) اور ڈس اپائنٹمنٹ (Disappointment) ہے - میں اگر یہ کہوں تو غلطی ہوگی کہ آزادی پانے والے ملکوں میں صرف ہمارا ہی ملک ایسا ہے جس کی جنتا نے آزادی پانے کے بعد بھی یہ محسوس نہیں کیا کہ ہمیں آزادی حاصل ہوچکی ہے - کیونکہ حکومت کرنے والی پارٹی کا طرز کسی بھی مسئلہ کی جانب ایسا نہیں رہا جس سے اسطرح

محسوس کرنے کا موقع مل سکے کہ واقعی آج دیش پر دیش کی جنتا کا راج ہے ۔ ہم موجود
اپنی مصیبتوں کے سامنے نہ بتانے کا احساس اپنے ہاتھ میں رکھتے ہیں ۔ حکومت کرنے
والی پارٹی سے موقع نہیں دیتا ۔ ہم ریاست کے جس کونے میں جاتے ہیں یہی دو چار
شبد (शब्द) ہمارے کانوں میں سننے میں آتے ہیں کہ پہلے یہاں کچھ
مسلمان لوگ تھے ۔ وہ اپنی غرض کے لیے حکومت کرتے تھے ۔ وہ بدل گئے ۔ رومی
وہی مل گئی ۔ اب ہندو لوگ آگئے ۔ کانگریسی وہاں رومی ٹوپی کے بدلے آگئی ۔ وہ لوگ
آج باپو جی کے نام پر گاندھی جی کے نام پر اور جواہر لال کے نام پر اپنی حکومت
چلاتے ہیں ۔ اس گورنمنٹ نے بھی باپو جی اور جواہر لال جی کے نام پر الکشن جیتا
ان ہی ناموں کو الکشن پروپگنڈہ میں استعمال کیا گیا ۔ کم از کم جواہر لال نہرو کے
کانوں تک یہاں کے عوام کا دکھ درد پہنچایا جاتا ۔ ایسا بھی نہیں ہوتا ۔ مختلف وجوہ کی
بنا پر اور مختلف مصلحتوں کی بنا پر اپنی کرسیوں اور گدیوں کے خاطر یہاں کے حالات پر
پردہ ڈالا جا رہا ہے ۔ اپنی قابل طرز انداز اختیار کر کے استعمال کر کے اور اپنے اختیار سے اپنی
مرضی کے مطابق باپو کے نام پر شاہی حکومت چلانے کی کوشش کی جا رہی ہے
تو یہ ہے ایک سادی سی طرح ہی وہ سادی وجوہات و حالات ہیں جنکی بنا پر آج
حیدرآباد کا ہر شہری چاہے اسکا تعلق مزدور طبقہ سے ہو کسان طبقہ سے ہو، تجارت
پیشہ طبقہ سے ہو یا اوسط طبقہ سے ہو یہ کہنے پر مجبور ہوگیا ہے کہ کانگریس پارٹی
کی حکومت پر اونہیں کوئی بھروسہ نہیں رہا ۔ جیسا کہ ابھی ایوان کے اوس کونے سے
آواز آئی کہ کانگریس کی حکومت قائم ہوئے صرف نو مہینے ہوئے مگر ان نو مہینوں
میں اس حکومت نے کیا کیا؟ کیا حکومت نے ایک بھی اچھا کام کیا جس سے کم از کم
تھوڑی دیر کے لیے یہ سمجھنے کا موقع ملے کہ ہاں انہوں نے ایک قدم اٹھایا ہے ؟
لیکن نہیں ۔ بات یہ ہے کہ حکومت پارٹی میں کمزوری ہے ۔ ڈس آرڈر (Disorder)
ہے اس پارٹی میں

श्री फुलचंद गांधी — आनरेबल मेंबर पहले अपनी पार्टी की हालत देखले।

شری راجہ رام ۔ میں اوس طرف بھی اونکا جس طرف کو پچھلے ایک سال سے
حکومت کی پارٹی کام کرتے آئی ہے پچھلے ایک سال سے برابر لڑائی جھگڑے جاری ہیں۔
لیکن آج بھی کوئی نتیجہ اس بارے میں برآمد نہیں ہوا ۔ کیونکہ یہ پارٹی رویلوشنری
(Revolutionary) ہے ۔ اس کا ترقی پسندانہ طرز نہ ہوتا تو
ضرور ایسی چھوٹی چھوٹی باتوں کو نظر انداز کر دیا جاتا اور آگے بڑھنے کی کوشش کی
جاتی مگر ایسا نہیں ہوا ۔ وہ آج زمینداروں، دیشمکھوں اور سرمایہ داروں کا ٹھیکہ
لیے بیٹھے ہیں اور صرف اپنا یہ فرض سمجھ رہے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح اس گرتے
ہوئے سرمایہ دارانہ نظام کو جاگیردارانہ نظام کو اور چند سال برقرار رکھیں ۔ میں
نے اپنے پرستاو (प्रस्ताव) میں کہا ہے کہ حیدرآباد کی جنتا کا بنیادی
سوال زمین کا سوال ہے ۔ اسکو حل کرنے میں موجودہ حکومت ناکام ہوگئی ہے ۔ اگر

میں یہ کہوں تو غلطی نہیں کرونگا کہ اپریل جب سپیکر نے اس ہاؤس میں کیرن یہ
اسکا اعادہ کیا ہے اور ہمیں دلایا ہے کہ وہ زمین کے اصلاحات کی طرف قدم اٹھا سکے
اور اس کے لیے اگلے سیشن (Session) کا انتظار کیا جائے۔ انہوں نے
یہ بھی کہا تھا کہ وہ ایسا اقدام کرکے دکھا سکے نہ اپوزیشن بار ان انکو دیکھکر
دنگ رہجا سکی۔ مگر جب ٹوپی نکالی تو خرگوش نکلا (Laughter)
اس چھوٹے سے بنیادی سوال کو حل کرنے میں بھی کانگرس پارٹی میں خود اسقدر
اختلافات ہیں کہ اس مسئلہ کو بار بار پوسٹپونڈ (Postponed) کیا جا رہا
ہے حکومت کی پارٹی کے ممبر ارکان سکو اوئڈ (Avoid) کرکے
زندہ رہ سکتے ہیں کیونکہ یہ ... حقیقت ہے کہ کانگرس پارٹی جسکی بنا دگی آج
کی حکومت کر رہی ہے وہ جاگیرداروں کی پارٹی ہے زمینداروں کی پارٹی ہے وہ ا ے
سوں سے رسوخ رکھتی ہے اور انہیں مرنے کا ڈر نہیں ہے مگر مرنے کا ڈر تو
ان ہزاروں لاکھوں کسانوں کو ہے جنہوں نے کانگرس پارٹی کے وعدوں او دیس
کی سیاسی پارٹی کے وعدوں پر اپنا سب کچھ قربان کیا آج وہ بھوکے ... اور بیروزگاری
کے عالم میں پڑے ہوئے ہیں ہمارے سامنے جو ایک سوال منہ کھولے کھڑی ہے جس سے
انکو بچانا ہے اور انکو بچانے کا ایک ہی راستہ یہ ہے کہ کانگرس پارٹی کی حکومت
حیدرآباد سے ہٹ جائے لینڈ ریفارمس (Land Reforms) لینڈ ریفارمس
کرکے اگر ہم کچھ کسانوں کا بھلا کریں اور انکے بچے اور انکے بال بچوں کی روزی
کا سوال حل کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ کانگرس پارٹی کو یہ دن دیکھنا نصیب نہ
ہوتا ہم حکومت کی پارٹی کو عوام کے نمائندوں کے سامنے

Mr Speaker The hon Member should address the Chair

Shri G Raja Ram I am addressing the Chair

Mr Speaker But you have been saying "Ap ki party"

میری تو کوئی پارٹی نہیں ہے۔

شری جی راجہ رام ہاں آپکی کوئی پارٹی نہیں ہے میں نے کہا ان حضرات
کی طرف حکومت دھیان نہیں دی۔ کانگرس پارٹی نے ... ہی ایکٹ
(Tenancy Act) کا بہانہ بنا کر بہت دوڑ دھوپ کے بعد ایک ٹیننسی ایکٹ کانگرس
پارٹی کی حکومت نے عوام کے سامنے لایا۔ اس کی جو کمزوریاں تھیں انکے بارے
میں اس ہاؤس میں کافی مباحث ہوچکے ہیں ان کے لیے کمیٹیوں میں ایسے لوگوں
کو لیا گیا نہ جو کچھ بھی قانون اس قانون سے بہتر سکتا تھا اور جو بہتری کسانوں کی
ہوسکتی تھی وہ بھی کانگرس پارٹی نے اپنے طرز عمل سے ہونے نہیں دیا۔ یہاں
دیکھیے اس کمیٹی میں جیسے کانگرس پارٹی نے ٹیننسی ایکٹ کے سلسلہ میں بنایا ہے

لوگ ہیں جو ہر روز لاکھوں عوام کے ادبی معاملہ کے اکارکردہ ہیں یا وہ لوگ ہیں جنہوں نے لکھنؤ میں کہا کہ درا ا ڈارب لور (Lose) کیا ہے (Tenancy Commission) میں انکے نام ہیں جو رہے رہے ہیں یا جو کانگریس پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں یا وکیل ہیں

شری جیسے بی مہال راؤ (حیدرآباد محفوظ) ا ل ہر کا نام بھی اس میں ہے

شری سی - راجا رام میرا ایک نام اسمیں ہونے سے کیا ہوسکتا ہے ؟

اسطرح اس قانون سے بھی فائدہ حاصل کرنے کا موقع کسانوں کو نہیں دیا گیا ۔ اس میں ایسے لوگوں کو رکھا گیا جن سے عوام کو کوئی توقع نہیں کیا جیسا ان لوگوں سے یہ توقع کرسکتی ہے کہ ا مولداروں اور لگانداروں کے حق میں رائے دینگے ؟ کیا جیسا یہ توقع کرسکتی ہے کہ ایسے رسدار جنہوں نے خود کسانوں کو زمینات سے بیدخل کیا تھا اور جو خود اراضیات پر قابض ہیں کسانوں کے حق میں اراضیات کے قبضہ سے دست بردار ہونا پسند کرسکتے ؟ ایسے وکلا جن کے پاس دیہہ داروں اور جاگیرداروں کے مقدمات ہیں کیا اس کمیشن میں غیر جانبدارانہ طور پر کام کرسکتے ہیں ؟ نتیجہ یہ ہوا کہ اس قانون سے جو نتیجہ بھی فائدہ ہونے والا تھا وہ بھی اس کانگریس پارٹی نے جو برسراقتدار ہے ہونے نہ دیا اسکے برخلاف جو ہونا تھا وہ ہوگیا کسان جو فائدہ حاصل کرنے کی امید کررہے تھے حکومت نے اس غیر جمہوری طریقہ کو اختیار کرکے ان کی امیدوں کو پامال کردیا

اگر میں پچھلے چار پانچ سال پر نظر ڈالوں اور عوام کی زندگی کے مختلف گوشوں میں انکی ترقی اور معیار زندگی کو جانچوں تو معلوم ہوگا کہ کسی بھی گوشے پر نظر ڈالیں ترقی معکوس نظر آرہی ہے ہم ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھے روزگاری دن بدن بڑھتی جارہی ہے جب یا کہ میں نے پچھلی مرتبہ بجٹ پی اور موضوع پر کہا تھا کہ اگر ہمارا یہی حال رہا اور اس بیکاری کو دور کرنے کی کوشش نہیں کیگئی تو اسکا امکان ہے کہ ملک میں لوگ غلط راستے پر آجائیں جسکا خمیازہ بعد میں چلکر خود کانگریس پارٹی کو بھگتنا پڑیگا ۔ یہ صرف یہ بلکہ ہندوستان سے لیکر حیدرآباد تک جتنی پارٹیاں ہیں جو عوام کی بھلائی چاہتی ہیں انکو مصیبت اٹھانی پڑیگی مگر اس جانب توجہ نہیں کیگئی ۔ ادھر عوام کی طرف سے جیخ پکار ہے اور بیروزگاری بڑھتی جارہی ہے ۔ بھوک کی شدت بڑھ رہی ہے۔ مگر آج کی حکومت برابر ریٹرنچمنٹ (Retrenchment) کا رویہ اختیار کیے ہوئے ہے ۔ سیکڑوں لوگوں کو کارخانوں سے نکالا جارہا ہے ۔ جب اس سلسلہ میں حکومت کے سامنے ریپریزنٹیشن (Representation) کیا جاتا ہے تو وہ کہتی ہے کہ ہماری قانون کے اندر کیا گنجائش ہے ۔ اسکے پاس کیا گنجائش ہے اور وہ اسکے علاوہ کیا کرسکتی ہے ۔ اگر ایک ذمہ دارانہ حکومت جو اپنے آپ کو عوام کا نمائندہ سمجھتی ہے اور جو عوام کے سامنے ذمہ دار سمجھتی ہے وہ عوام کی بھلائی کی خاطر کوئی کام کرنے میں اپنے آپ کو بے بس پاتی ہے تو میں کہونگا کہ یہ حکومت کی کمزوری اور ان اشتسی

(Inefficiency) کا نتیجہ ہے۔ اگر کوئی سنجیدگی حکومت کے راستے میں ہے تو
حکومت اسے دور کرسکتی ہے۔ اس پچھلے دو برسوں میں کوئی ایسا قانون حکومت نے
نہیں لایا جس سے ایڈمنسٹریشن (Administration) میں جو دقتیں پیش آرہی ہیں
انکو دور کیا جاسکے۔ کیا ایسا کوئی قانون آج تک حکومت نے پیش کیا اور اس ہاؤس نے
اسکو منظور کیا؟ اگر وہ چاہتی تو ایسا کوئی راستہ وہ ڈھونڈ سکتی تھی جس سے آج کی
بڑھتی ہوئی بیروزگاری کو روکا جاسکتا تھا۔ آج نوکریوں میں جو سلسلہ ریٹرنچمنٹ
(Retrenchment) ہو رہا ہے کم از کم اسے روکا جاسکتا تھا۔ ایسا نہیں کیا گیا۔
بیروزگاری کے سوال کو حل کرنا تو کجا حیدرآباد کی جنتا کے سینے اور ٹیکسس (Taxes)
اور جو انسپریشن اور کارخانہ جات یہاں تھے حکومت نے ان کو دوسروں کے ہاتھ بیچنے کا
فیصلہ کیا۔ اور ایسا فیصلہ کیا کہ کسی کو کچھ پتہ بھی نہ چل سکا۔ جب باز پرس ہوئی
تو یہ کہا گیا کہ ابھی کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہوا۔ مگر میں جاننا چاہتا ہوں کہ اس کا کیا
فیصلہ ہونے والا ہے اور کب طے ہونے والا ہے۔ آج حیدرآباد میں صنعتی ترقی کو آگے
بڑھانے کے لیے کانگرس پارٹی کے سامنے اچھے مواقع تھے کہ جن سے فائدہ اٹھا کر
یہاں کی بیروزگاری کا سوال حل کیا جاسکتا تھا اور دوسری طرف حیدرآباد کی حکومت
عوامی صنعتوں کو اپنے ہاتھ میں رکھ سکتی تھی۔ لیکن پچھلے دو سال میں کیا ہوا؟
جیسے ہی منافع کمانے والی انڈسٹریز (Industries) تھیں ان کو حکومت
نے پرائیویٹ لوگوں کے ہاتھوں میں دینا منظور کیا اور جیسے ہی کارخانے نقصان میں
چل رہے تھے ان کو حکومت نے اپنے ہاتھ میں لیا۔ کم از کم میں تو سمجھ نہیں سکا کہ
اسکی کیا وجہ تھی اور اس میں گورنمنٹ کی کیا مصلحت تھی؟ آج حیدرآباد میں پہلے
دور کی یادگار آئی۔ ٹی۔ ٹی (ITT) موجود ہے۔ اس سے پہلے کے حیدرآباد
کی حکومت کے ممبر لوگ جو حیدرآباد کی جنتا کی آزادی کے خلاف لڑنے والے تھے اور
جنہوں نے حیدرآباد کی جنتا کو کچلنے میں ایک اہم حصہ ادا کیا۔ ایسے لوگوں نے اپنے
ذاتی فائدہ اور اغراض کے لیے آئی۔ ٹی۔ ٹی (ITT) کو بنا رکھا۔ اس میں
عوام کے ٹیکسس سے وصول کردہ کروڑہا روپیہ تھا۔ حکومت نے اپنے طور پر اپنے شیرس
(Shares) اس میں رکھے اور اپنی ہی نگرانی میں اس کو رکھا۔ آئی۔ ٹی۔ ٹی
مینجمنٹ کے سب جیسے ہی صنعتیں تھیں ان میں اپنے ریپرزنٹیٹیوز (Representatives)
رکھے۔ جب ان صنعتوں میں لکویڈیشن (Liquidation) شروع ہوا تو بار بار یہ
کہا گیا کہ حکومت پر اسکے نفع و نقصان کی ذمہ داری ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ ریپرزنٹیٹیوز
کے ہونے کے باوجود کیوں نقصان اٹھا رہا ہے؟ یہ جواب دیا گیا کہ محض ریپرزنٹیٹیوز رکھنے
سے نقصان کو دور نہیں کیا جاسکتا۔ یہ میں مانتا ہوں کہ کبھی ایسی ناگزیر وجوہات ہونگی
اور کوئی حالات ایسے ہونگے جن کی بنا پر ایک معمولی انسان کے لیے ان حالات پر قابو پانا
یا ان سے سبکدوش ہونا انسان کے لیے مشکل ہوجاتا ہے۔ لیکن کم از کم حکومت آئندہ کی
روک تھام پر تو غور کرسکتی ہے۔ میں ہاؤس کے سامنے ایک فیکٹری کی مثال رکھونگا
وہ ہے نظام شوگر فیکٹری۔ یہ فیکٹری حیدرآباد کے لیے کان ہے۔ ایک سونے کی کان

ہے اسکی مثال ہندوستان میں بہ مشکل کہیں اور جگہ مل سکیگی مجھے کوئی شبہہ
نہیں کہ حیدرآباد کی جنتا کو اس بر بارے میں فکر ہے جب ہم اس کی ورکنگ کنڈیشن
(Working Condition) دیکھتے ہیں فیکٹری کے مینیجمنٹ کی حالت دیکھتے ہیں منافع
کی مقدار دیکھتے ہیں اور دوسرے کارخانوں سے اس کا مقابلہ کرتے ہیں تو معلوم ہوتا
ہے کہ ہندوستان میں جو دوسری فیکٹریاں ہیں وہ ۲ سو ٹن کرسنگ کپاسٹی سے ایک
یا ڈیڑھ کروڑ منافع کماتی ہیں لیکن یہاں ڈھائی ہزار ٹن کرسنگ کپاسٹی کے باوجود ۳
۴۰ لاکھ کا منافع ہوتا ہے سوگر فیکٹری کے مزدوروں کے ایک نمائندہ کی حیثیت سے
پچھلے چار سال سے وہاں کی بدعنوانیوں کو حکومت کے سامنے لاتا رہا جب میں جو گورنمنٹ
کے سامنے پیش ہوا کرتے تھے ان کے سامنے ٹھوس دلائل اور ٹھوس واقعات پیش کیے
گئے اور ہم کو امید تھی کہ حکومت کی طرف سے اس بارے میں تحقیقات ہوگی تاکہ
انڈسٹری جو لکویڈیشن (Liquidation) کی طرف بڑھی جارہی ہے اوسکے متعلق
کوئی قدم ضرور اٹھایا جاسکے اور دوسری طرف حکومت بھی اپنے خزانہ میں پیسہ جمع
کرسکے لیکن اس شوگر فیکٹری کے متعلق کیا ہوا ؟ اس ایوان کے کوئی آنریبل ممبر
اس فیکٹری کی اندرونی حالت دیکھیں تو وہاں ایسے لوگوں کو پاسکیں گے جو آج سے
سات آٹھ سال پہلے ۴۰ روپیے کے ملازم تھے اور جو اب لاکھوں کے مالک ہیں جب
ہم نے کہا کہ تحقیقات کیجائے تو کوئی جواب نہیں دیا گیا

Dr G S Melkote (Minister of Finance) I am not in the Board of Directors

Shri G Raja Ram Hon the Finance Minister was not the Chairman at that time, Sir If I remember well Shri C V S Rao who was then the Finance Minister, was the Chairman of the Board

Dr G S Melkote Then the hon Member from Armur should have mentioned it as "ex Finance Minister"

Dr S Chenna Reddy But he was not in the Board in capacity of Finance Minister

Shri G Raja Ram But I am sure, whatever papers or documents were pending the Finance Minister may have taken charge now

تو جیسا کہ میں نے کہا ایک ۴۰ روپیے کا ملازم

مسٹر اسپیکر ۔ وقت کا بھی لحاظ کیا جائے ۔

شری راجہ رام ۔ تو ۴۰ روپیے تنخواہ پانے والا ملازم کہ جس انداز میں زندگی
گزاری ہی مشکل ہے اب سال کی مدت میں ۸ ۸۰ لاکھ کا آدمی بن جاتا ہے

اسکی بنیادی پڑھائی ہے انہوں نے اس قسم کے ٹھوس ثبوت حکومت کے سامنے رکھیں
اور ریمائنڈرس (Reminders) بھیجے جاتے رہے مگر مجھے اس کا
اکنالجمنٹ (Acknowledgement) تک نہیں آیا جب ۴۰۰ روپے کا ملازم
۸ لاکھ کا آدمی بن سکتا ہے تو ہاؤس ہی نہیں سمجھ سکتا ہے کہ اون فیکٹری جو
گورنمنٹ کے مینجمنٹ کے تحت چلتی ہے کیا منافع دے سکے گی ؟ میں جاننا ہوں کہ
ایسے لوگوں کے پیچھے جو پہلے صرف ۴۰۰ روپے کے ملازم تھے اور جو آج کس طرح کسی
طرح ۸ تا ۱۰ لاکھ روپے کے مالک بن گئے ہیں حکومت کی مدد ضرور ہے انسے
کلیر کیس (Clear Case) گورنمنٹ کے سامنے لانے کے بعد کم از کم
سرسری تحقیقات کی جاتی تو یہ پتہ چل جاتا کہ ایک معمولی ملازم کی حالت سات سال پہلے
کیا تھی اور اب کیا ہو گئی ہے اوس نے کیا کام کیا ؟ کیا بزنس (Business)
کیا کہ اتنا بڑا آدمی ہو گیا ان معمولی باتوں کو حکومت جان سکتی تھی اس کا پتہ
لگ سکتا تھا اس طرح جامعی انڈسٹریز کو لکویڈیشن (Liquidation) کے
راستہ پر لگایا جا رہا ہے مجھے گورنمنٹ پر یہ الزام عائد کرنا ہے کہ ایسے لوگوں کے
ہاتھوں میں جنہیں اس دیس سے کوئی محبت نہیں جنہیں اس دیس کی صنعتی ترقی سے
کوئی مطلب نہیں اور جو یہ صرف حیدرآباد کی صنعتی ترقی کو روکنا چاہتے ہیں بلکہ
حیدرآباد کی صنعتوں کو تباہ کرنا چاہتے ہیں ایسے لوگوں کے ہاتھ میں حکومت نے
مینجمنٹ ایسی دی ۔ ایک طرف گورنمنٹ کہ توجہ دلائی گئی وہ توجہ دلائی جا
سکتی ہے لیکن ان حالات کی طرف نہیں دیکھ سکتی حکومت مجبور ہے وہ کیا
کر سکتی ہے ؟ میں جانتا ہوں کہ حکومت کے نام ایسے لوگوں کے خلاف نہیں اٹھ
سکتے یہی حال دیگر انڈسٹریز کے بارے میں ہے اگر روس میں ملک بہت بڑا سب
ڈیولپ (Develop) کیا جاتا وہ ضرور منافع میں چلتی اور کافی منافع
حیدرآباد کو ملتا اسکے بارو ہی سرسلک ہے جسکے ارکشن (Erection)
اور کنسٹرکشن (Construction) میں لاکھوں کا نقصان ہوا
ہوا لیکن حکومت کہتی ہے کہ اسکے اس نقصان ہیں ہے لہذا وہ اس انڈسٹری کو
بیچنے پر مجبور ہے کانگریس مین کے لیے کانگریس پارٹی کی حکومت (۲۰) لاکھ روپے
صرف کر سکتی ہے لیکن اسٹیٹ کی ایسی بڑی انڈسٹری جس میں کئی کروڑ یا لاکھ
لوگوں کا پیسہ لگا ہوا ہے اپنے ہاتھ میں رکھ کر حیدرآباد ریاست کے مفاد کی خاطر
اوسے نہیں چلا سکتی تو پھر کس طرح سے عوام آج کانگریس پارٹی پر بھروسہ کریں ؟ کس
دن کے لیے کریں ؟ جب ہم حکومت کے ایک ایک کام کی طرف دیکھیں تو سمجھ
میں نہیں آتا کہ اس حکومت کے سوچنے کا معیار کیا ہے اور اوسکے سوچنے کا ڈھنگ
کیا ہے ۔ آخر حکومت حیدرآباد کی جنتا کو کہاں لیجا کر پہنچانا چاہتی ؟
حیدرآباد کا ایک معمولی آدمی اسکو سمجھنے سے قاصر ہے جب یہ آج کی حکومت آئی
تو کم از کم حیدرآباد کی جنتا یہ سمجھتی تھی کہ یہاں کے ۸ تا ۹ فیصد لوگوں کو
جو نہیں پچھلی حکومت نے ایک مذہب کے نام پر یا ایک فرقہ کے نام پر نظر انداز کر دیا

تھا اس آزادی کے بعد ہم آزادی اور امن لینگے اور ان کی ترقی کے راستے کھلینگے جو لوگ پچھڑے ہوئے ہیں ان کو بھی آج اور دیش کی ترقی میں اہم حصہ ادا کرنے کا موقع ملیگا لیکن کیا ہوا ؟ اگر چار پانچ سال کی حالت ہم دیکھینگے تو معلوم ہوگا کہ گورنمنٹ آف انڈیا نے جو کیے متعلق ہم سمجھتے تھے کہ ہماری آزادی میں ہاتھ بٹا کر ہم پر بڑا احسان کریگی اور جسے ہم بھول نہیں سکینگے ہمارے ساتھ غلاموں کا سا سلوک کیا حیدرآباد کے معاملہ میں گورنمنٹ آف انڈیا کے ذمہ دار لیڈروں کی طرف سے جسے بھی اناونسمنٹس (Announcements) ہوئے انکی کبھی بھی تکمیل نہیں ہوئی بار بار (Repeatedly) کہا گیا کہ حیدرآباد کی قسمت کا فیصلہ (Future) کرنا حیدرآباد کی جنتا کا حق ہوگا اور وہاں کی جنتا اپنی کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی بنائے گی اور وہ جو چاہے فیصلہ کرسکے گی ۔ لیکن کیا ہوا ؟ مرکزی حکومت نے اپنے نمائندوں کو وہاں رکھ کر سارے معاہدات پر دستخط لے لیں گر وں کو اوس وقت رکھا جانا جب وہاں عوامی نمائندے نہ ہوئے تھا کہ اوان جس کا وعدہ اور اب ہوئی فنانشل انٹیگریشن (Financial Integration) ہوا اس معاملہ میں بھی حیدرآباد کو کافی نقصان اٹھانا پڑا جسے بھی ہمارے مالی نقصانات ہوئے انکو چھوڑ دیجئے ہمارے معاشی لوگوں کا کیا حال ہوا ؟ جس طرح سے حیدرآباد پر حملہ کرنے کے بعد اپنے سارے لوگوں کو لاکر یہاں کا اڈمنسٹریشن (Administration) انکے ہاتھ میں دے دیا تھا یہاں بھی وہی ہوا جس ڈپارٹمنٹ میں دیکھیے باہر کے ہی لوگ نظر آتے ہیں چھوٹے سے چھوٹے عہدہ پر بھی باہر ہی کے لوگ نظر آسکتے اس طرح حیدرآباد کے تعلیم یافتہ طلبا میں بیروزگاری بڑھانے کا کارن (कारण) ہوا ۔ اور جب اپنے حقوق منوانے کے لیے دستوری اور پرامن طور پر اپنی مانگیں لیکر آگے بڑھے تو حیدرآباد گورنمنٹ نے جسے ہم مرکزی حکومت کہونگا اسکو کسطرح الجھایا ؟ اور جو لیٹر ڈیولپمنٹس (Later developments) ہوئے ان سے ہم سب اچھی طرح واقف ہیں

Mr Speaker The hon Minister has to finish his speech within 10 minutes He was already taken 40 minutes

Shri G Raja Ram As mover of the Motion, I may be allowed to speak at least for an hour

Mr Speaker So much time cannot be given

شری وی ڈی دیشپانڈے (ایلا گوڑہ) مسٹر اسپیکر سر ۔ میں نے نوکانفڈنس موشن (No Confidence Motion) کے سلسلہ میں رولس دیکھے ہیں جنکے تحت وقت مقرر کرنے کا اختیار مسٹر اسپیکر کو دیا گیا ہے اس وجہ سے میں اسپیکر سے اپیل کرونگا کہ جب ہاوس میں عدم اعتماد کی ایک موشن پیش کی گئی ہے

تو موور (Mover) کو اس کا کافی موقع دیا جانا چاہیے تاکہ وہ پوری
تفصیلات ہاؤس کے سامنے رکھ سکیں جیسا کہ منسٹرس کو جواب دیتے وقت موقع
دیا جاتا ہے ۔ میں اتنا عرض کرونگا کہ تحریک عدم اعتماد کو ہاؤس کے بزنس
(Business) سے علاحدہ تصور کرتے ہوئے اہمیت دیجاتی ہے کیونکہ ہاؤس آف کامنز
(House of Commons) کے کنونشنس (Conventions)
میں بھی اس بحث کو بہت اہمیت دیگئی ہے ۔ اگر ہاؤس پرورگ (Prorogue)
ہونا ہو تو بھی کم سے کم ایک دن کا موقع دینے کا کہو ہیں ہے اسلئے میں سمجھتا
ہوں کہ اسطرح کی شرط رکھنا مناسب ہوگا یہی میری عرض ہے اپیل ہے

مسٹر اسپیکر آخر کتنا ٹائم دینا چاہیے ؟

شری وی ڈی دیشپانڈے ایک گھنٹہ

Mr Speaker He has already taken more than 45 minutes

More than five minutes are over now

Shri V D Deshpande Just to plead for that

Shri G Raja Ram I requested for that much of time only

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت کی طرف سے آسانی کے ساتھ اس مسئلہ کو سلجھایا
جاسکتا تھا اسکی بجائے طلبا اور تعلیم یافتہ طبقہ جو اپنے حقوق کے لیے لڑ رہا تھا اور
یہ کہا جاسکتا تھا کہ یہ حکومت ان ہی کے مفاد کے لیے بنی ہوئی ہے یہ اپنے لوگوں
اور جنتا کی حکومت ہے ، حیدرآباد کی حکومت ہے آپکے مفادات کے خلاف کوئی کام
نہیں ہوسکتا ۔ بہت ہی غرور کے ساتھ یہ کہا گیا کہ حکومت اسٹوڈنٹس کے اس تحریک کو
کچل دیگی بات سے بات بڑھی ایک آسان طریقہ تھا طلباء اور تعلیم یافتہ طبقہ کو مطمئن
کرنے کا لیکن ایسا نہیں کیا گیا اس مسئلہ کو اس طرح حل کرنے کے بعد میں خود
اور میری پارٹی بھی حیدرآباد کی موجودہ کانگریسی حکومت پر بھروسہ نہیں رکھ سکتی
جب کبھی کوئی شخص اپنے حقوق اور جائز مانگوں کے لیے لڑتا ہے تو یہ حکومت
سمجھتی ہے کہ اسکے پیچھے کوئی نہ کوئی ہنگامہ ہے ، اسلئے اسکو دبا دینا چاہیے
چنانچہ اس مسئلہ کے حل کے لیے بھی حکومت نے یہی راستہ اختیار کیا اور اس کا جو
انجام ہوا وہ سب جانتے ہیں ۔ مجھے یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ اسکے ذمہ دار
کون ہے کیونکہ اس کا فیصلہ تو کورٹ ہی ہوگا ۔ نمائندگی کرنے کا جو سوال تھا
گورنمنٹ اس مسئلہ میں بھی کامیاب نہیں ہوئی کیا کانگریس پارٹی کا سلوک نظام اور
جاگیرداروں کے ساتھ ہی رہا ؟ نعرے تو بہت لگائے گئے ۔ اکثر میں رزولیوشنس
پاس ہوئے کہ وہ انکو برداشت نہیں کرسکتے ۔ لیکن آزادی حاصل ہونے کے بعد ان

معروف تو پھر یا گیا اور کہا جاتا ہے کہ وہ ان امپارٹنٹ (Unimportant)
اور غیر اہم ہیں

میں نے ورکنگ کمیٹی کے سامنے یہ تجویز (Suggestion)
رکھا کہ ملک کی موجودہ غذائی صورت حال سے بچنے کے لیے اریگیشن (Irrigation)
کی چھوٹی چھوٹی اسکیمیں رو بہ عمل لائی جائیں کیونکہ پچھلے چار سال سے حیدرآباد
کا کسان بارش کی بے قاعدگی (Failure) سے مصیبت
میں مبتلا ہے ہم کو آپریشن (Co operation) دینے کے لیے
تیار تھے ۔ ہم یہ مسئلہ ملک کی طرف سے لگانے اور ختم کرنے کے لیے تیار تھے
اس کا ہم نے اشورنس (Assurance) دیا درخواست دی گئی
پر ورکنگ کمیٹی کے لیے مگر ہماری حکومت کا کیا حال ہے کہ کسی مسئلہ پر ریونیو
ڈپارٹمنٹ اگری (Agree) کرے تو پی ڈبلیو ڈی اگری نہیں کرتا
اور پی ڈبلیو ڈی اگری (Agree) کرے تو ریونیو ڈپارٹمنٹ اگری
نہیں کرتا یہ حالت ہو تو پھر کس امر کی توقع یہ حکومت تعاون کی بات کرتی ہے ؟
جنتا کی پارٹیوں نے ہمدردی کا اظہار کیا اور کوآپریشن کے لیے تیار ہو گئیں ۔
لیکن اس کوآپریشن سے بھی اس حکومت نے انکار کیا اور اسے ٹھکرا دیا لیکن حکومت
اس کے برخلاف ۵ لاکھ روپے الاؤنس کے طور پر دیتی ہے کانگریس پارٹی
جواب دیتی ہے کہ اس کے بس کی بات نہیں ہے وہ گورنمنٹ آف انڈیا کا معاہدہ
ہے ہز اگزالٹڈ ہائینس کے لیے ۵ لاکھ روپے دیے ہوئے یہ کہا جاتا ہے کہ یہ طے شدہ
ہے کانسٹی ٹیوشن (Constitution) کی آڑ لے کر کہا جاتا ہے کہ بغیر
معاوضہ کے کسی کی جائداد کو نہیں لیا جا سکتا اگر وہ جائداد ہز ہائینس کے نام
سے موسوم ہے اور یہ کی بس ۵ لاکھ روپے دیے جا رہے ہیں کیا ان دنوں کے
نظام نے کمایا تھا ؟ کیا پرس کیا تھا ؟ خریدا تھا ؟ یا کیا ان کی یہ ذاتی پراپرٹی (Property)
تھی ؟ میں یہ بتاتا ہوں کہ کراون (Crown) کو مینٹین (Maintain)
کرنے کے لیے کچھ جائدادیں چھوڑی جاتی ہیں ۔ لیکن اب کراون نہیں رہا ۔ اب وہ
راج پرمکھ ہیں اور اسی نوعیت سے انہیں معاوضہ بھی ملتا ہے ۔ وہ زمین اور پراپرٹی
عوام کی پراپرٹی تھی وہ زبردستی چھینی ہوئی پراپرٹی ہے ۔ نظام اور نظام کے حلقوں نے
چھوٹے موٹے لوگوں سے اسے چھینا ہے یہ جائداد اسی طرح جمع کی گئی تھی ۔ اسکے
معاوضہ میں ۵ لاکھ روپے سالانہ دینا کہاں کا انصاف ہے ، جبکہ ہماری چھوٹی چھوٹی
اسکیم صرف چند لاکھ روپیوں کے لیے رکی ہوئی ہیں ؟ میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ
ایک ایسے شخص جسکے پاس کروڑوں روپے اس وقت ہیں اور جسکے خاندان کے لیے
کروڑوں روپے کا ٹرسٹ ہے اسکے پیٹ کا حکومت کو اتنا درد ہے جیسا کہ خود اپنے
پیٹ کا مگر حکومت کے دل میں لاکھوں کسانوں کا کوئی درد نہیں تو پھر وہ یہ کیسے
توقع کرتے ہیں کہ کانگریس پارٹی کو برسراقتدار رکھا جائے ؟

اسپیکر سر ایک اور سوال جو اتنا غیر جمہوری ہے کم سے کم اس حکومت کی
یادگار ہے حکومتوں میں سب سے بڑی یادگار کہونگا وہ ہے میونسپل کمیٹیز میں نامزدگیوں
(Nominations) عوام کو اس کا حق ہے کہ وہ اپنی پسند سے
بلدیوں میں اس سے متعلق کیسے ... (सुदर) اور الزام (अबचन)
دلائل ہیں کہ عوام جاہل ہیں اسلئے وہ اس قابل نہیں کہ صحیح لوگوں کو الیکٹ
(Elect) کر سکیں ان عوام کو حکومت جاہل کہتی ہے جنکے ووٹوں پر
کانگریس کی پارٹی اس ریاست میں حکومت کر رہی ہے کیا انہیں ملک کے حالات کے
لحاظ سے کم سے کم ووٹ دینے کا بھی حق نہیں ہے ؟ کیا انکے نمبروں نے ووٹ دیکر
ریزرو بنچس کے ارکان کو گدی دلائی ہے ؟ کیا اس حکومت کے منسٹر ویلوڈی صاحب
اور منسپل اڈوائزر ہیں ؟ (Cheers) انہی جاہلوں کے ووٹوں پر کے کانگریس پارٹی
آج اس ہاوس میں ٹریژری بنچس میں آئی ہے لیکن اب ان ہی کی مرضی کو کچلا جا رہا
ہے ۔ ایسے غیر جمہوری قدم اٹھانے کے بعد کانگریس پارٹی یا آج کی حکومت کیسے
توقع رکھتی ہے کہ اس پر عوام کا اعتماد باقی رہیگا ؟

یہی حال گورنمنٹ سرویسس کا بھی رہا پارٹیوں کی حکومت آتی ہے اور بدل جاتی
ہے ۔ آج کانگریس کی حکومت ہے کل کوئی اور پارٹی اور اسکے بعد کوئی اور پارٹی
حکومت میں آسکتی ہے ۔ پارٹیز آتے اور جاتے ہیں لیکن جو اڈمنسٹریٹیو مشنری
(Administrative Machinery) ہے وہ قائم رہتی ہے ڈیموکریسی
(Democracy) کی اس وقت تک گیارنٹی نہیں دیجاسکتی جبتک
اڈمنسٹریشن امپارشل (Impartial) ہو لیکن اس ڈیڑھ دو سال یا
تو مہینے میں کوشش کی گئی کہ حکومت کی ساری مشنری کو بھی کانگریسی بنا یا
جائے ۔ میں صاف کہتا ہوں کہ اڈمنسٹریشن کو بھی حکومت پر بھروسہ نہیں ہے ۔ آج
کا اڈمنسٹریشن اسکی کانگریسی حکومت پر بھروسہ نہیں رکھتا یہ انکی بھی آواز ہے
جو میں ہاوس کے سامنے بول رہا ہوں ۔

Shri B Ramakrishna Rao What right has the hon Member got to say that he is representing the Services ?

Shri G Raja Ram I can represent anyone who is a citizen of Hyderabad, on whose behalf I am speaking

Mr Speaker Go on

شری جی ۔ راجہ رام ۔ یہی حال یونیورسٹی کا بھی رہا ۔ عوام نے مختلف طریقوں سے
اسکے خلاف اپنی رائے کا اظہار کیا کہ یونیورسٹی حکومت ہند کے حوالہ نہ کی جائے
عوام اور اس ایوان کے اندر پورے ممبرس نے اس رائے کا اظہار کیا کہ نیشنل لینگویج
(National language) کو فروغ دینے کے لیے ایک علحدہ

یونیورسٹی قائم کی جا سکتی ہے۔ لیکن اس یونیورسٹی کو سنٹر کے حوالہ نہ کیا جائے
مجھے اعتبار نہیں ہے کہ کانگریس میں بھی چند بڑے بڑے لوگ ہیں جن سے میں بعد
میں اتفاق کرونگا لیکن یہی بات بھی۔ مگر کریں کیا ؟ دیکھنا یہی ہے کہ
سارے بڑے بڑے طبقوں کو روکا جاتا ہے۔ عوام کی خواہش کے اور عوامی نمائندوں
کی مرضی کے خلاف یونیورسٹی کو سنٹر کے حوالہ یہ کہکر دیا گیا کہ وہ اسکولوں سکتا ہے
اور جیسا چاہے انتظام کر سکتا ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ کانگریس پارٹی گورنمنٹ آف انڈیا
سے اختلاف نہیں رکھ سکتی۔ مگر جب اسٹیٹ کے حقوق کا سوال آتا ہے تو وہ ضرور
اپنے حقوق کے لیے لڑتی ہے اور سنٹر کو تسلیم کرنا ہی پڑتا ہے۔ مگر کریں کیا؟ حکومت
ایسا قدم نہیں اٹھاتی۔ ایک دفعہ اگر حکومت اسٹیٹ کے حق میں لڑکر یہ معلوم کرے
کہ ہم بھی اس حکومت کا ساتھ دیتے ہیں یا نہیں۔ حکومت تو یہ چاہتی ہے کہ جہاں
کے جیسے بھی مسائل اور حالات ہیں ان پر اوپر کا قبضہ ہو جائے اور چونکہ
کانگریس پارٹی اس ہاؤس میں بھاری ہے اسلئے وہ خود ان کا حل ڈھونڈے گی
میں نے پچھلی مرتبہ بھی اسی یونیورسٹی کے مسئلہ پر کہا تھا کہ یہ ایک سادی سوال
ہے جس کا ذکر کانگریسی پارٹی یا کسی اور پارٹی نے عوام سے نہیں کیا ہے۔ لہذا اس مسئلہ
کو راست طور پر عوام کے سامنے لیجانا چاہیے۔ لیکن یہ پارٹی ڈرتی ہے کہ یہ مسئلہ
اس جنتا کے سامنے رکھیں اس کا کیا حشر ہوگا کیونکہ یہ پارٹی خود جانتی ہے کہ
عوام کے انتخابات کیا ہیں۔ ایک سال یا دو مہینے تک اس پارٹی نے یہاں پر حکومت
کی ہے اور دعوی کیا تھا کہ یہ اسکیمات کی گئی ہیں اور دو مہینے میں جو کچھ کیا ٹھیک
کیا ہے۔ اگر یہ ثابت ہے تو یہ پارٹی ہمت کرکے الکشن لڑے اور پھر دیکھے کہ وہ جہاں
سے غائب ہو جائے گی (Cheers)

انگلینڈ میں لیبر پارٹی کی حکومت بھی جیسے کروسیل (Crucial) مسئلہ
پر الکشن ڈکلیر (Declare) کیا الکشن لڑا اور عوام کے فیصلے کو
منظور کیا۔ عوامی مسائل کو حل کرنے سے پہلے عوام کی جن خواہشات کو دھیان میں
رکھنا لازمی ہے اس حکومت نے انہیں نظر انداز کردیا۔ وہ انہیں دودھ کی مکھی
کی طرح نکالدیتی ہے۔ عوام بھی اس پارٹی کی حکومت کو اس طرح نکالدیں میں کیا
رکاوٹ پا سکیگے ؟ اسپیکر سر۔ اڈمنسٹریشن (Administration) میں کرپشن
(Corruption) بیوراکریسی (Bureaucracy) اور اقربا نوازی
جیسی چیزیں ہیں۔ کیا اس حکومت نے ان کو روکنے کی کوشش کی ؟ پہلے کی حکومت
پر جو بیوروکریسی اور کرپشن کا الزام تھا اس حکومت نے اس کی اور ہمت افزائی کی۔
میں یہ دعوی کے ساتھ کہہ سکتا ہوں آج اس ہاؤس کا کوئی بھی آنریبل ممبر گاؤں
میں کسی کسان کے پاس جائے اور پوچھے کہ گورنمنٹ کے ڈپارٹمنٹس کی آج کیا حالت
ہے تو صاف یہ چل جائیگا کہ ان کا کیا اوپینین (Opinion) ہے۔ وہ صاف
کہتے ہیں کہ جو کام پہلے (۵) روپیے میں ہوتا تھا آج وہی کام ایک سو روپیے میں بھی نہیں
ہوتا۔ یہ کرپشن اور اقربا نوازی کو جن جھگڑے اسکی تو ایک لمبی فہرست ہے۔ اس کا
